Social Security Scotland
Tèarainteachd Shòisealta Alba

# آڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ یعنی بالغ معذوری کی ادائیگی

**آڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کیا ہے؟**

یہ رقم ان اضافی اخراجات میں لوگوں کی مدد کے لیے ہے جو اکثر معذور ہونے، طویل المدتی صحت کے مسائل یا جان لیوا بیماری میں مبتلا ہونے کے نیتجے میں پیدا ہوتے ہیں۔ یہ اسکاٹ لینڈ میں لوگوں کے لیے پرسنل انڈیپڈنس پیمنٹ کی جگہ ہے، جو پہلے ڈیپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پینشنز کے ذریعے فراہم کی جاتی تھی ۔

**آڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کون حاصل کر سکتا ہے؟**

لوگ آڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اگر وہ:

- 16 سال یا اس سے زیادہ عمر کے ہیں اور ان کو معذوری ہے یا طویل مدتی صحت کے مسئلہ میں مبتلا ہیں ، یا وہ جان لیوا بیماری کا شکار ہیں
- ابھی تک سٹیٹ پینشن کی عمر تک نہیں پہنچے

آڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ ذرائع کی جانچ پڑتال پر مبنی نہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ اگر معذور شخص کام کر رہا ہے یا اس کے پاس بچت ہے یا نہیں ۔

کسی شخص کو ادائیگی کا حق اس صورت میں ہو سکتا ہے اگر وہ کم از کم 3 ماہ سے معذوری یا طویل مدتی حالت کے ساتھ زندگی گزار رہا ہو جو کم از کم 6 ماہ تک جاری رہنے کی توقع ہو، جب تک کہ وہ لاعلاج بیماری کا شکار نہ ہوں۔

**جب لوگ درخواست دیتے ہیں تو ہمیں ان سے کیا درکار ہوتا ہے؟**

کسی درخواست پر فیصلہ کرنے کے لیے، ہمیں یہ سمجھنے کی ضرورت ہوتی ہے کہ کسی کی صحت کا مسئلہ یا معذوری ان کی زندگی کو کیسے متاثر کرتی ہے۔ ہم لوگوں سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ درخواست فارم میں یہ معلومات فراہم کریں۔

ہمیں کسی پیشہ ور فرد سے کوئی ایک معاون معلومات بھی درکار ہوتی ہیں ۔ اس سے ان کی معذوری، صحت کے مسئلے یا ضروریات کی وسیع پیمانے پر تصدیق ہونی چاہیے۔ یہ ایک تشخیص ہو سکتی ہے اگر کسی شخص کی ہوئی ہو ، لیکن انھیں درخواست دینے کے لئے تشخیص کی ضرورت نہیں ہے ۔ معاون معلومات کی مثالوں میں سوشل کیئر کے منصوبے ، دوا کےنسخے کی فہرستیں اور پیشہ ور افرادجیسے سپورٹ ورکر، ڈاکٹروں اور فزیو تھراپسٹ کی طرف سے حوالہ بھیجے جانے کے خطوط شامل ہیں۔

لوگ معاون معلومات کے بغیر بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر وہ ہم سے کہیں تو ہم اسے ان کی طرف سے جمع کر سکتے ہیں، لیکن پھر ان کی درخواست پر کارروائی کرنے میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔

**ادائیگی کا حساب کس طرح لگا جاتا ہے؟**

آڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ دو حصوں پر مشتمل ہوتی ہے: روز مرہ زندگی اور نقل و حرکت۔ لوگ ایک یا دونوں حصوں کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

روزمرہ زندگی کے حصے میں ادائیگی کی 2 شرح ہیں:

- معیاری - ہفتہ وار شرح £73.90
- اضافی - ہفتہ وار شرح £110.40

نقل و حرکت کے حصے میں ادائیگی کی 2 شرح ہیں:

- معیاری - ہفتہ وار شرح £29.20
- اضافی - ہفتہ وار شرح £77.05

جو لوگ نقل و حرکت کے حصے کی اضافی شرح حاصل کرتے ہیں وہ قابل رسائی گاڑیاں اور آلات کی اسکیم کے ذریعے نئی کار، سکوٹر یا طاقت سے چلنے والی وہیل چیئر لیز پر لینے کے لیے اس میں سے کچھ یا تمام استعمال کر سکتے ہیں۔

پہلی ادائیگی کا حساب عام طور پر اس تاریخ سے لگایا جائے گا جب درخواست کا پہلا حصہ آن لائن، فون پر یا ڈاک کے ذریعے جمع کیا گیا تھا۔

بالغ معذوری کی ادائیگی ہر 4 ہفتے بعد ادا کی جاتی ہے۔ اس کی ادائیگی درخواست میں دیئے گئے اکاؤنٹ میں کی جائے گی۔

**کیا ادائیگی لاعلاج بیماری کا شکار افراد کے لیے بھی دستیاب ہے۔؟**

جی ہاں۔ ان لوگوں کے لیے درخواست دینے کا ایک الگ طریقہ ہے جو لاعلاج بیماری میں مبتلا ہیں۔ لاعلاج بیماری کا شکار شخص خود بخود روزمرہ زندگی اور نقل و حرکت کے حصے کی اعلیٰ ترین شرح کا حقدار ہو جائے گا، قطع نظر اس کے کہ اس کو جس مدت کے لیے عارضہ لاحق ہوا ہو۔ یہ تاحیات کی ادائیگی ہے اور حالات میں تبدیلی کی صورت میں ہی اس کا جائزہ لیا جائے گا۔

اگر شخص لاعلاج بیماری میں مبتلا ہے تو، آڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ ہفتہ وار پیشگی ادا کی جائے گی۔

**اگر کسی کو پہلے سے پرسنل انڈینڈنس پیمنٹ یا ڈس ایبلٹی لونگ الاؤنس ملتا ہو تو؟**

لوگوں کو اب یا تو اپنی ذاتی آزادی کی ادائیگی(PIP) یعنی پرسنل انڈینڈنس پیمنٹ بالغ معذوری کی ادائیگی میں منتقلی شروع یا مکمل کرنی چاہیے۔ سکاٹش پوسٹ کوڈ کے ساتھ کوئی بھی جو ابھی تک PIP حاصل کر رہا ہے اور اسے خط موصول نہیں ہوا ہے وہ 2222 182 0800 پر مفت کال کر کے ہم سے رابطہ کرے۔

اگر کسی کو اب بھی محکمہ برائے کام اور پینشن سے معذوری کا رہائشی الاؤنس یعنی ڈس ایبلٹی لونگ الاؤنس مل رہا ہے، تو اس کی ادائیگی خود بخود اسکاٹش آڈلٹ DLA نامی ایک نئے بینیفٹ یعنی مالی وظیفے میں منتقل ہو جائے گی ۔ ایسا ہونے سے پہلے انہیں مزید تفصیلات کے ساتھ ایک خط ملے گا۔

**وہ کیسے درخواست دے سکتے ہیں؟**

لوگ یہاں پر مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور آن لائن درخواست دے سکتے ہیں **mygov.scot/adultdisability**. لوگ ذاتی طور پر، فون پر بھی درخواست دے سکتے ہیں یا ہمیں **0800 182 2222** پر مفت کال کرکے ڈاک کے ذریعے کاغذی درخواست فارم طلب کرسکتے ہیں۔

**کیا انہیں کسی وکیل کی مدد کی ضرورت ہے؟**

سوشل سکیورٹی اسکاٹ لینڈ کے بینفٹس یعنی مالی وظائف کے لیے درخواست دیتے وقت VoiceAbility انڈیپنڈنٹ ایڈووکیسی سروسز معذور افراد کی مدد کرتی ہے۔ VoiceAbility سے **0300 303 1660** پر مفت کال کرکے یا **www.voiceability.org** پر جا کر رابطہ کریں۔

**لوگ ہم سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں؟**

ہمیں اس نمبر پر مفت کال کریں: 2222 182 0800

ٹیکسٹ ریلے سروس: (ان کیلئے جنہیں سماعت کا مسلہ ہو) 4000 244 0300+ 18001

برٹش سائن لینگویج استعمال کرنے والے: contactscotland-bsl.org

ویب چیٹ: chat.socialsecurity.gov.scot



سوشل سیکیورٹی اسکاٹ لینڈ کو فالو کریں